تبصرے

داستان ادب (حیدرآباد) از جناب سید محی الدین قادری زور تقطیع کلاں ضخامت ۲۲۲ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد تین روپے آٹھ آنے۔

پتہ:۔ سب رس کتاب گھر، خیریت آباد، حیدرآباد دکن۔

حیدرآباد کے حالیہ انقلاب سے عربی، فارسی اور اردو پر جو کچھ گذر رہی ہے اُس کو دیکھ کر سید محی الدین زور صاحب کو جو اردو کے مشہور اہلِ قلم اور مصنف ہیں۔ خیال پیدا ہوا کہ حیدرآباد دکن کے ان حضرات کا ایک تذکرہ لکھ دیا جائے جنھوں نے سلطان محمد قلی قطب شاہ کے عہد سے اب تک حیدرآباد میں عربی۔ فارسی یا اردو کی خدمت کی ہے۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب اسی جذبہ کی عملی تسکین کا نتیجہ ہے۔ لائق مصنف نے اس میں تین سو برس کی طویل مدت کو دس عہدوں پر تقسیم کیا ہے اور ہر عہد کے ذکر میں اس زمانے کے شعراء، ادبا اور سرپرستِ علوم و فنون سلاطین و امرا کا تذکرہ کیا ہے۔ اگرچہ کتاب زیادہ تفصیلی نہیں ہے اور اس کی موجودہ حیثیت ان یاد داشتوں کی سی ہے جو ایک پروفیسر کلاس روم میں لیکچر دیتے وقت اپنے سامنے رکھ لیتا ہے۔ تاہم تاریخ ادب کے ایک طالب علم کے لئے اس کا مطالعہ مفید بھی ہوگا اور دلچسپ بھی۔

مقالات صارم تقطیع خورد، کتابت و طباعت بہتر ضخامت ۱۷۶ صفحات

قیمت مجلد عہ۔ پتہ ادارۂ علمیہ، دھنی رام روڈ۔ نئی انارکلی۔ لاہور۔

مولانا عبد الصمد صارم سیوہاروی اپنی متعدد تالیفات کی وجہ سے اردو زبان کے روشناس مصنف ہیں۔ علاوہ مستقل کتابوں کے موصوف نے وقتاً فوقتاً متعدد اخبارات و رسائل میں جو طبع زاد یا مترجم مقالات یا مقالچات لکھے تھے۔ زیر تبصرہ کتاب انھیں کا مجموعہ ہے۔ یہ چھوٹے بڑے مضامین گنتی میں دس ہیں۔ جن سے شروع کے پانچ مقالات ادبی تخیل ہیں اور علمی معنے